[This question paper contains 4 printed pages.]

**Your Roll No..............**

**Sr. No. of Question Paper : 5531** **L**

Unique Paper Code : 2144000028

Name of the Paper : Urdu Shayeri Mein Tanisiyat

Name of the Course : **Bachelor of Arts with Urdu (GE)**

Semester : VIII

Duration : 3 Hours Maximum Marks : 90

**Instructions for Candidates**

1. Write your Roll No- on the top immediately on receipt of this question paper.

نوٹ: صرف پانچ سوالوں کے جواب لکھیے۔ پہلا اور دوسرا سوال لازمی ہے۔ نمبر مساوی ہیں۔

۱- درج ذیل شعری اقتباس میں سے کسی ایک حصے کی تشریح مع حوالہ کیجیے:

(الف)

میرا گم نام سا کھویا سایہ بے چین وجود
ایک پہچان کا صدیوں سے جو دیوانہ رہا
آج بھی اپنے سے بیگانہ رہا
اور جیا بھی تو جیا بن کے کسی کا سایہ
آج بھی مجھ سے مرا میں نہیں ملنے پایا
آج بھی میں نے خود اپنے سے ملاقات نہ کی
ایک پل ہی کو سہی

اپنے ہی دل سے مگر دل کی کوئی بات نہ کی

بیتی صدیوں کی طرح

آج بھی آج کا دن بیت گیا

(ب)

میں چاہتی ہوں

کہ اگلی رت میں ملوں جو تم سے

جنم جنم کی تھکاوٹوں کے خطوط چہرے سے مٹ چکے ہوں

قدم قدم اک سفر کی پچھلی علامتیں سب گزر چکی ہوں

ملال صحرا نوردی پاؤں کے آبلوں میں سمٹ چکا ہو

مسافرت کی تمام رنجش

مرے مساموں سے ڈھل چکی ہو

۲-درج ذیل شعری اقتباس میں سے کسی ایک حصے کی تشریح مع حوالہ کیجیے:

(الف)

رہ بے سائباں سے کوئی رشتہ جوڑ کر دیکھوں

میں اپنے شہر کی ساری فصیلیں توڑ کر دیکھوں

ہوا کے رخ پہ اڑتے ابر کو روکوں بھلا کیسے

جو رستہ خشک ہے تو آبلہ ہی پھوڑ کر دیکھوں

تعین تو کروں کس سمت میں مجھ کو بھٹکنا ہے

کسی کے ساتھ ہو لوں یا کسی کو چھوڑ کر دیکھوں

تمہارا عکس میری آنکھ پر کیوں کھل نہیں پاتا
اس آئینے کے اندر کیا ہے اس کو توڑ کر دیکھوں
مجھے لگتا تو ہے میں بھی کسی رستے کی منزل ہوں
ذرا اک زندگی کے زاویے کو موڑ کر دیکھوں

(ب)

سلیقہ عشق میں میرا بڑے کمال کا تھا
کہ اختیار بھی دل پر عجب مثال کا تھا
میں اپنے نقش بناتی تھی جس میں بچپن سے
وہ آئنہ تو کسی اور خط و خال کا تھا
رفو میں کرتی رہی پیرہن کو اور ادھر
گماں اسے مرے زخموں کے اندمال کا تھا
یہ اور بات کہ اب چشم پوش ہو جائے
کبھی تو علم اسے بھی ہمارے حال کا تھا
محبتوں میں میں قائل تھی لب نہ کھلنے کی
جواب ورنہ مرے پاس ہر سوال کا تھا

۳-تانیثیت کی تعریف اور اہمیت ایک تفصیلی مضمون لکھیے۔

۴-اردو میں مروج اہم تانیثی نظریات پر اظہار خیال کیجیے۔

۵-سارا شگفتہ کی شاعری پر تبصرہ کیجیے۔

P.T.O.

۶-ادا جعفری کی شاعری کے موضوعات پر روشنی ڈالیے۔

۷-بلقیس ظفیر الحسن کی نظم نگاری کے امتیازات واضح کیجیے۔

۸-یاسمین حامد کی غزل گوئی کی خصوصیات بیان کیجیے۔

۹-شاہدہ حسن کی غزل گوئی کا جائزہ لیجیے۔

(100)